26/03/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ مشاہد حسین سے خبریں سُنئے

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہاہے کہ ہماری قدیم ترین تہذیب نے اپنی مالا مال ثقافتی اور روحانی اقدار سے ہمیشہ انسانیت کی آبیاری کے لئے کام کیا ہے ۔

وہ شری کیلاش جیوتِش اور ویدِک سنستھان جموں کی طرف سے منعقد کردہ ثقافتی میلے کا افتتاح کرنے کے بعد اظہار خیال کر رہے تھے ۔

انہوں نے ان سماجی قدروں کے تحفظ اور فروغ کے لئے مل کر کام کرنے کی ضرورت اجا گر کی ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں کشمیر میں مستحق کنبوں کے لئے مفت بجلی کے دو سو یونٹ سمیت ان کے چناو منشور میں درج تمام وعدوں کو وقفے وقفے سے پورا کرنے کے اپنی حکومت کے عزم کا اعادہ کیا ہے ۔

اسمبلی میں وقفہ سوالات کے دوران کئی ارکان کے ضمنات کے جواب میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ان کی سرکار اپنے عہد و پیماں کو پورا کرنے کے لئے وعدہ بند ہے ۔

عمر عبداللہ نے کہا کہ یہ کام وقفے وقفے سے ہوگا اور اس کی شروعات سب سے پہلے غریب اور مستحق کنبوں سے کی جائے گی اور پھر اس کا دائرہ مزید وسیع کیا جائے گا ۔

سکینہ ایتو

صحت ، تعلیم اور سماجی بہبود کی وزیر سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ عمر عبداللہ کی قیادت والی موجودہ جموں کشمیر سرکار یوٹی بھر میں عوام کے لئے جدید ترین طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے صحت کے بنیادی ڈھانچے کو مستحکم کر رہی ہے ۔

انہوں نے جموں کے سپر Speciality اسپتال میں جدید ترین سہولیات سے لیس ایک Cath Lab کا افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ اس لیب کی بدولت جموں خطے میں عارضہ قلب کے علاج کی سہولت میں زبردست اضافہ ہو گا ۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے پی ایم سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا کی عمل آوری اور پیش رفت سے متعلق یوٹی سطح کی کو آرڈنیشن کمیٹی کی ایک میٹنگ کی صدارت کی ۔ اس موقعہ پر جانکاری دی گئی کہ سولر روف ٹاپ نصب کرنے والے زائد از 14 سو بجلی صارفین کے بجلی بل اب صفر پر آگئے ہیں ۔

متعلقہ افسروں سے تبادلہ خیال کرتے ہوئے چیف سیکریٹری نے اس سکیم کے فوائد زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچانے کے لئے اس بارے میں جانکاری عام کرنے کا دائرہ مزید وسیع کرنے کی ضرورت اجا گر کی ۔

باغ گل لالہ

سرینگر میں آج مشہور زبرون پہاڑی کے دامن میں شہرہ آفاق جھیل ڈل کے کنارے واقع ایشیاءکا سب سے بڑا باغ گل لالہ عوام کےلئے کھولا جا رہا ہے۔

آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے ڈائریکٹر فلوریکلچر کشمیر شکیل الرحمان راتھر نے ٹولپ گارڈن کو آج عوام کےلئے کھولے جانے اور وہاں دستیاب سہولیات کے بارے میں کہا ۔

چیف الیکٹورل آفیسر

بھارتیہ چناو کمیشن کی ہدایات کی پیروی میں جموں کشمیر کے چیف الیکٹورل آفیسر پی کے پولے نے نِرواچن بھون جموں میں یوٹی اور قومی سطح کی سبھی منظور شدہ سیاسی جماعتوں کے صدور اور جنرل سیکریٹریوں کے ساتھ ایک اہم میٹنگ منعقد کی ۔

یہ میٹنگ ،آئندہ کی چناو سرگرمیوں کے پیش نظر سبھی متعلقین میں جمہوری عملیات سے متعلق ضروری جانکاری اور سوجھ بوجھ پیدا کرنے کی غرض سے منعقد کی گئی ۔

بورڈ

جموں کشمیر بورڈ آف سکول ایجوکیشن نے دسویں ، بارہویں اور گیارہویں جماعتوں کے سالانہ امتحانات کو کامیابی کے ساتھ تکمیل تک پہنچایا ہے ۔ ان امتحانات میں جموں کشمیر اور لداخ کے خطوں میں تین لاکھ 60 ہزار سے زائد طالب علموں نے حصہ لیا ، جن کے لئے قریب تین ہزار چھ سو امتحانی مراکز قائم کئے گئے تھے ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 9 اعشاریہ 2 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 19 اعشاریہ 8 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ